# شرائط نیلام بذریعہ E-Auction/E-Baldia سسٹم TMA لوئر تناول سروس چارجز فیس برائے سال 2026-27ء

۱۔ معیاد ٹھیکہ عرصہ ایک سال از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 ہو گی۔

۲۔ کوئی بھی شخص/فرم محکمہ بلدیات، کسی کونسل، صوبائی حکومت یا وفاقی حکومت کے کسی قسم کے بقایادار ہوں وہ بولی میں حصہ لینے کا مجاز نہ ہو گا۔

۳۔ ٹھیکہ نیلامی بذریعہ E-Auction/E-Baldia کی جائے گی نیلامی مقررہ تاریخ 22-06-2026 بروز پیر تا 24-06-2026 بروز بدھ شام 04:00 بجے تک جاری رہے گی رجسٹرڈ ٹھیکیدار لوکل گورنمنٹ کی ویب سائٹ (https://cfmis.lgkp.gov.pk)/E-Baldia سے Log In ہو کر مقرر وقت تک حصہ لے سکتے ہیں۔

۴۔ بولی میں حصہ لینے سے قبل ٹھیکیدار جس نے اپنی رجسٹریشن کی تجدید برائے سال 2026-27ء کی ہو تو وہ 5% زربیعانہ (سیکورٹی) مبلغ -/593770 روپے کی کال ڈیپازٹ بنام TMO لوئر تناول بنوا کر سائٹ پر درج کرنے کے بعد بولی میں حصہ لے سکتا ہے۔

۵۔ کامیاب بولی دہندہ کو 2 دن کے اندر یعنی بروز جمعرات اور جمعہ دفتری اوقات کار میں 5% سیکورٹی اور 15% ایڈوانس رقم جمع کروانی ہو گی بصورت ناکامی ٹھیکہ منسوخ کر کے 5% سیکورٹی ضبط کی جائے گی اور ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔

۶۔ کامیاب بولی دہندہ کی کال ڈیپازٹ متعلقہ بنک سے تصدیق کروائی جائے گی جعلی ہونے کی صورت میں ٹھیکہ کینسل کر کے صوبائی حکومت کو برائے Black Listing لکھا جائے گا۔

۷۔ کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کی رقم کے مساوی مالیت کے حامل دو افراد کی جائیداد کے کاغذات درجہ اول مجسٹریٹ سے تصدیق کروا کا بشکل ضامن دفتر ہذا میں جمع کروانے ہونگے۔

۸۔ اگر کسی بھی وجہ سے ٹھیکیدار لوکل کونسل کا بقایادار ہوا تو لوکل کونسل کو یہ اختیار حاصل ہے کہ تمام واجبات ٹھیکیدار سے وصول کرے گا اگر اس سلسلے میں محکمہ ہذا کو نقصان ہوا تو ٹھیکیدار کی ذات و جائیداد سے وصول کیا جائے گا ٹھیکہ منسوخی کے بعد دوبارہ نیلام کیا جائے گا یا محکمانہ ریکوری کی جائے گی ہر دو صورتوں میں محکمہ ہذا کو نقصان ہوا یا کل رقم ٹھیکہ میں کمی واقع ہوئی تو نقصان ٹھیکیدار سے وصولی کی جائے گی۔

۹۔ ٹھیکیدار کی جانب سے 5% سیکیورٹی اور 15% ایڈوانس رقم جمع کروانے کے بعد ٹھیکہ کی منظوری کے ایک ہفتہ کے اندر اندر ٹھیکیدار کو باقاعدہ طور پر جوڈیشل (stamp paper) سٹامپ پیپر پر تحریری معاہدہ کرنا ہو گا۔ اگر ایسا کرنے میں ٹھیکیدار ناکام رہا تو ٹھیکہ ٹھیکیدار کی risk and cost پر دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔

۱۰۔ ٹھیکہ منظوری سے قبل کامیاب دہندہ وصولیوں کی نگرانی کر سکے گا تاہم آمدن بحساب رقم ٹھیکہ بمعہ انکم ٹیکس ادارہ کے اکاؤنٹ میں جمع کی جائے گی۔ اور جملہ آمدن کی ٹھیکہ منظوری کے بعد منہائی کی جائے گی۔

۱۱۔ ٹھیکہ کی منظوری کے بعد سال 2026-27 کے لئے ٹھیکیدار کل 11 مساوی اقساط میں جمع کرنے کا پابند ہو گا۔ ماہ جولائی 2026 کی پہلی قسط، 5 اگست تک ہر صورت میں ٹھیکیدار ادا کرنے کا پابند ہو گا۔ اسی طرح بقیہ اقساط بھی ہر ماہ کی 5 تاریخ تک ادا کرنی ہوں گی۔

۱۲۔ حکومت کی طرف سے نافذ کردہ انکم ٹیکس کل زر نیلام کے علاوہ ہو گا جو ٹھیکیدار کو ہر سال کے ہر ماہ کی ماہانہ قسط کے ساتھ ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

۱۳۔ اگر ٹھیکیدار مقررہ تاریخ تک ادائیگی کرنے میں ناکام رہا تو اس پر 10 تاریخ تک 2% یومیہ جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ اور آخری نوٹس جاری کرنے کے بعد 15 تاریخ تک اگر ٹھیکیدار ماہانہ قسط جمع کروانے میں ناکام رہا تو اس کا ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا اور ٹھیکیدار کی risk & cost پر دوبارہ نیلام کیا جائے گا اور جمع شدہ رقم ایڈوانس قسط بمعہ زرضمانت بحق TMA لوئر تناول ضبط کی جائیگی۔

۱۴۔ ٹھیکیدار قسط کی ادائیگی نقد یا بذریعہ بینک ڈرافٹ کرے گا۔ بذریعہ چیک ادائیگی قابل قبول نہ ہو گی۔ اگر ٹھیکیدار بینک ڈرافٹ کے ذریعے ماہوار قسط ادا کر دے گا تو اسے ڈرافٹ کی کلیئرنس کا دو دن کا اضافی وقت دیا جائے گا۔

۱۵۔ ٹھیکیدار ٹی ایم اے لوئر تناول کے مقررہ شیڈول کے مطابق وصولی کرنے کا پابند ہو گا۔ اگر ٹھیکیدار یا اس کا نمائندہ مقررہ شرح سے زائد وصول کرنے کا مرتکب پایا گیا تو اس سے گیارہ گنا زائد جرمانہ عائد کیا جا سکے گا۔ دوران ٹھیکہ شرح میں کوئی کمی بیشی کی گئی تو ٹھیکیدار اسی تناسب سے وصولی و ادائیگی کا پابند ہو گا۔

۱۶۔ شیڈول ریٹس عوام کی آگاہی کے لئے باقاعدہ نوٹس بورڈ یا نمایاں جگہ پر آویزاں کیا جائے گا۔

۱۷۔ دوران ٹھیکہ وفاقی حکومت یا صوبائی حکومت کی طرف سے اگر کوئی ٹیکس لگایا گیا تو ٹھیکیدار اس کی ادائیگی کا پابند ہو گا۔

۱۸۔ حکومت کی طرف سے نافذ کردہ انکم ٹیکس و دیگر ٹیکس جو بھی وقتاً فوقتاً لاگو ہوں گے وہ ٹھیکیدار ہر ماہ کی ماہانہ قسط کے ساتھ ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

۱۹۔ ٹھیکہ ایک دفعہ نیلام ہونے کے بعد کسی بھی دوسرے شخص یا فرم کے نام پر منتقل/Sublet نہیں کیا جا سکے گا۔ اگر ٹھیکیدار ٹھیکہ جاری رکھنے سے معزوری ظاہر کرے گا تو ایسی صورت میں ٹھیکیدار کی risk & cost پر منسوخ کیا جا کر دوبارہ نیلام کیا جائے گا۔

۰۲۔ معاہدہ پر دستخط ٹھیکیدار کو خود کرنا ہوں گے۔ نمائندہ، بولی دہندہ یا شراکت دار اس کا مجاز نہ ہو گا۔

۱۲۔ دوران ٹھیکہ اگر کسی وجہ سے فریقین کے درمیان کوئی تنازعہ پیدا ہوا تو فیصلہ کے لئے ریجنل میونسپل آفیسر ہزارہ ریجن ایبٹ آباد بطور ثالث سے رجوع کیا جائے گا جس کا فیصلہ حتمی ہو گا۔ جسے نہ تو عدالت میں چیلنج کیا جا سکے گا اور نہ ہی ٹھیکیدار کسی قسم کا کلیم حاصل کرنیکا مجاز ہو گا۔

۲۲۔ taxation committee TMA ٹھیکہ سروس چارجز فیس کا کیس Honorable High Court Peshawar میں زیر سماعت ہے اور جو بھی فیصلہ معزز عدالت کی طرف سے جاری ہو گا وہ ہر دو فریقین کو من و عن تسلیم کرنا ہو گا۔ کیس کا فیصلہ TMA لوئر تناول کے خلاف آنے کی صورت میں ٹھیکہ دار اس تاریخ تک تمام تر واجبات ادا کرنے کا پابند ہو گا جس کا فیصلہ Lower Tanawal کرے گی۔ اور اس بات کا کسی عدالت میں کوئی عذر / کیس کرنے کا مجاز نہ ہو گا۔

۳۲۔ دوران ٹھیکہ اگر صوبائی حکومت کی طرف سے آمدہ ہدایات بابت ٹھیکہ ہذا ٹھیکیدار شرائط پر عمل در آمد کرنے کا پابند ہو گا۔ اور اس بات کا کسی عدالت میں کوئی عذر / کیس کرنے کا مجاز نہ ہو گا۔ نیز صوبائی حکومت نے ماڈل شرائط نیلام بذریعہ نمبری AO-II/LCB/6-11/2022 مورخہ 28-03-2025 جو ہدایت جاری کی ہیں ٹھیکیدار اُن پر من و عن عمل در آمد کرنے کا پابند ہو گا، نیز صوبائی حکومت نے ماڈل شرائط نیلام بذریعہ نمبری کے تحت تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن لوئر تناول کو اختیار حاصل ہو گا کہ وہ ٹھیکہ منسوخ کر کے زرضمانت اور جمع شدہ رقم ضبط کر کے باقی ماندہ عرصہ کے لئے ٹھیکہ ٹھیکیدار کی risk & cost پر دوبارہ نیلام کرے گا۔ درج بالا شرائط میں سے کسی بھی ایک شرط کی خلاف ورزی کرنے پر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن لوئر تناول کو اختیار حاصل ہو گا۔ ایسی صورت میں تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن کو کوئی نقصان ہوا تو وہ ٹھیکیدار کی ذات و جائیداد سے پورا کیا جائے گا۔

تحصیل آفیسر ریگولیشن
TMA لوئر تناول

تحصیل میونسپل آفیسر
TMA لوئر تناول

CS CamScanner